https://www.jmi.ac.in

# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

## پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ کے طلبہ کو آئی ڈی ایف سی فرسٹ بینک اور اپم میں بہترین ملازمتیں ملیں

New Delhi, August 27, 2026

یونیورسٹی پلیسمنٹ سیل (یو پی سی)، جامعہ ملیہ اسلامیہ کو یہ اعلان کرتے ہوئے فخر محسوس ہو رہا ہے کہ بی۔ٹیک کمپیوٹر انجینئرنگ کے چار طلبہ کا انتخاب آئی ڈی ایف سی فرسٹ بینک کی جانب سے اٹھارہ لاکھ روپے کے شاندار سالانہ پیکیج پر کیا گیا ہے، جب کہ بی۔ٹیک (کمپیوٹر انجینئرنگ، الیکٹرانکس اینڈ کمیونیکیشن انجینئرنگ) اور ایم سی اے کے 22 طلبہ کا انتخاب ای پم میں ہوا ہے۔

آئی ڈی ایف سی فرسٹ بینک کی پلیسمنٹ مہم کا اختتام گزشتہ روز ایک 'پول کیمپس' تقریب میں ہوا، جہاں آن لائن اپٹی ٹیوڈ ٹیسٹ اور انٹرویو کے تین مراحل کے بعد چار طلبہ کو حتمی طور پر منتخب کیا گیا۔Epam کی پلیسمنٹ مہم اسی ماہ کے اوائل میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے یونیورسٹی پلیسمنٹ سیل میں منعقد کی گئی تھی۔ اس انتخابی عمل میں تحریری ٹیسٹ کے بعد گروپ مباحثہ اور انٹرویو کے مراحل شامل تھے۔ انتخابی عمل کی کامیابی سے تکمیل کے بعد، Epam کی جانب سے بائیس طلبہ کو منتخب کیا گیا۔ ان طلبہ کو پہلے چھ ماہ کی انٹرنشپ کی پیش کش کی جائے گی اور اس کی کامیاب تکمیل پر انہیں سافٹ ویئر انجینئر کے طور پر تعینات کیا جائے گا، جس کے لیے سالانہ پیکیج آٹھ اعشاریہ چار آٹھ لاکھ روپے سالانہ سے شروع ہوگا۔

یونیورسٹی پلیسمنٹ سیل ہمیشہ اس بات کے لیے کوشاں رہتا ہے کہ جامعہ ملیہ اسلامیہ کے طلبہ کو معیاری تربیت اور روزگار (پلیسمنٹ) کے مواقع فراہم کیے جائیں، تاکہ وہ اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو نکھار سکیں اور ممتاز اداروں کے ساتھ کامیاب اور شاندار کیریئر کو جہت دے سکیں۔

پروفیسر راحیلہ فاروقی اعزازی ڈائریکٹر، پروفیسر صباح خان، اعزازی ڈپٹی ڈائریکٹر، پروفیسر ریحان خان سوری، پروفیسر (ٹی پی او) اور پروفیسر سرفراز مسعود، اسسٹنٹ ڈائریکٹر نے منتخب طلبہ کو ان کی شاندار کامیابی پر مبارک باد پیش کی اور انتخاب کے پورے عمل کے دوران ان کی محنت، لگن اور عزم کی تعریف کی۔ پروفیسر راحیلہ فاروقی نے عزت مآب پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور عالی وقار پروفیسر مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کا بھی ان کے مسلسل تعاون

کے لیے شکریہ ادا کیا۔

جامعہ، کو طلبہ کی اس شان دار کامیابی پر فخر ہے اور وہ تمام منتخب طلبہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے، مستقبل میں کامیاب، اطمینان بخش اور روشن و تابناک کیریئر کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتی ہے۔

**پروفیسر صائمہ سعید**

افسر اعلی تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ